www.KitaboSunnat.com
© rasailojaraid.com



۲۲ رجمادی الثانی کے موقع پر شائع کردہ آٹھ صفحات کا پمفلٹ ہے۔

(۴)

ماہنامہ "الهلال" پشاور

مولانا محمد اشرف علی قریشی باہمت نوجوان ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے انھیں قلمی جہاد کی توفیق عطا فرمائی ہے۔ ان کی ادارت میں ماہنامہ "صدائے اسلام" شائع ہو رہا تھا کہ تحریکِ تحفظِ ختمِ نبوت کے لیے زیر نظر پرچہ جاری کیا۔

زیرِ تبصرہ "الہلال" کا اولین شمارہ ہے۔ اداریہ جچا تلا اور مؤثر ہے۔ مضامین بھی اچھے ہیں البتہ تحریر میں پٹھانوں کا اندازِ گفتگو جھلکتا ہے۔ سالانہ چندہ پانچ روپے ہے۔

(۵)

ہفت روزہ "الاصلاح" لاہور۔ اشاعت ۵ رجولائی ۱۹۷۴ء

ہفت روزہ "الاصلاح" خاکسار تحریک کا آرگن ہے۔ زیرِ نظر خصوصی اشاعت ہے جس میں سال ۱۹۷۴ء کے اجلاس مرکزی مجلسِ مشاورت کی کارروائی اور فیصلے درج ہیں۔ حالاتِ حاضرہ کے متعلق مضامین معلوماتی اور دلچسپ ہیں۔ (ابو شاہد)

(۶)

نام :- فتاویٰ علمائے حدیث

مرتب :- حضرت مولانا ابوالحسنات علی محمد سعیدی مدظلہ

صفحات :- کتاب الطہارۃ (۱۳۶) کتاب الصلوٰۃ حصہ اول (۲۶۴) جلد دوم (۲۴۰)

قیمت :- کتاب الطہارۃ (-/۶ روپے) کتاب الصلوٰۃ حصہ اول (-/۱۰ روپے) جلد دوم (-/۱۲ روپے)

ناشر :- مکتبہ سعیدیہ۔ خانیوال۔ ضلع ملتان (پاکستان)

شرعی مسائل میں علمائے کرام کے جوابات کا نام فتویٰ ہے۔ ان کی حیثیت مشورہ، رائے اور رہنمائی کی ہوتی ہے، ان کو قانونی درجہ حاصل نہیں ہوتا، ہاں سرکاری حیثیت میں عدالتیں جو فیصلے سناتی ہیں، ان کو ایک قانونی حیثیت بھی حاصل ہو جاتی ہے۔ گو علمائے کرام کے فتووں کو قانونی درجہ حاصل نہیں رہا، تاہم امتِ مسلمہ کی رہنمائی کے لیے انہی سے زیادہ کام لیا گیا ہے اور ملتِ اسلامیہ نے بھی انہی سے ہی زیادہ استفادہ کیا ہے کیونکہ یہ "بلا مزد اور بلا مشقت" مل جاتے ہیں ــــ عدالتی نظام پر

© rasailojaraid.com



محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ